میں ایک خوبصورت اضافہ ہے۔

☆......☆......

نام کتاب:۔ صحیح نماز محمدی اور مسنون دعائیں

نام مصنف:۔ ابوالحسنات مولانا علی محمد سعیدی رحمۃ اللہ علیہ

صفحات:۔ 176

ناشر:۔ مکتبہ سعیدیہ خانیوال

اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں پر جو فرائض مقرر فرمائے ان میں سب سے اہم فرض نماز ہے جسے اسلام اور کفر کے درمیان معیار اور کسوٹی مقرر فرمایا ہے۔ پھر قرآن مجید اور حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں اس کی صحیح ادائیگی اور حفاظت پر بڑا زور دیا گیا ہے۔ لیکن افسوس کہ آج مسلمان کہلانے والے سب سے زیادہ سستی بھی نماز کے معاملہ میں ہی کرتے ہیں اور جو ادا کرتے ہیں وہ بھی مسنون طریقے کے مطابق ادا کرنے کا اہتمام نہیں کرتے بلکہ اپنے اپنے گروہی اور تقلیدی فرقوں کی بناپر اپنے اپنے الگ طریقے مقرر کر لیے ہیں۔ مسئلہ کی اہمیت کے پیش نظر ہر دور میں اس موضوع پر چھوٹی بڑی کئی کتب تصنیف کی گئیں۔ زیر نظر کتاب میں ماضی قریب کے ایک ثقہ عالم دین استاذ الاساتذہ' محدث العصر' شیخ الحدیث' مولانا علی محمد سعیدی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف ہے مولانا مسلک محدثین کے شیدائی اور قرآن وحدیث پر عمل کرنے کے معاملہ میں بڑے غیور تھے۔ اس لیے انہوں نے اس کتاب میں امام الانبیاء حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کا صحیح طریقہ بیان فرمایا ہے اور نماز کے متعلقہ مسائل وضوء' اذان' جماعت وغیرہ کو بالتفصیل اور مدلل ذکر کیا ہے۔ مولانا موصوف چونکہ ایک کہنہ مشق استاد اور تجربہ کار مدرس تھے اس لیے انہوں نے حوالہ جات میں بھی ثقاہت کو ملحوظ رکھا ہے۔ مولانا کی اس کاوش کو ان کے صاحبزادے مولانا خبیب احمد سعیدی نے بڑے خوبصورت انداز میں شائع کر کے قارئین کی خدمت میں پیش کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ مصنف اور ناشر کی اس محنت کو قبول فرمائے (آمین)۔

☆☆☆......☆☆☆......☆☆☆